مولانا محمد اسلام حقانی
رکن موتمر المصنفین



تعارف وتبصرہ کتب

• تحفة اللبیب فی شمائل الحبیب پشتو شرح شمائل الترمذی

تالیف: حضرت مولانا امین الحق حقانی گستوئی مدظلہ   مرتب: مولانا محمد ظاہر شاہ حقانی
ضخامت: ۹۱۲ صفحات (۲ جلد)   ناشر: جدید مکتبہ رشیدیہ محلہ جنگی پشاور

حدیث کی جلیل القدر کتاب شمائل الترمذی کی اہمیت اہل علم سے مخفی نہیں، اہل علم کے ہاں یہ ایک متداول کتاب ہے، جس کو پوری اسلامی دنیا میں قدر کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے اور ہر جگہ اس مبارک کتاب کی دروس کا سلسلہ جاری ہے، خاص کر برصغیر کے تمام مکاتب فکر کے مدارس میں دورہ حدیث کے نصاب کا حصہ ہے قدیم سے لے کر اب تک مختلف زبانوں میں اہل علم نے اس کی بکثرت شروحات لکھی ہے اور تاہنوز اس کی شروحات لکھی جارہی ہے، ہر شارح اور محقق کا اپنا ایک طرز ہوتا ہے وہ اسی طرز پر اسکی دلنشین تشریح پیش کرنے کی سعی وکوشش کررہے ہوتے ہیں، پشتو زبان میں شمائل ترمذی کی شروحات کی تشنگی اور کمی محسوس کی جارہی تھی، مولانا امین الحق حقانی گستوئی مدظلہ نے اس کمی اور تشنگی کو محسوس کرتے ہوئے اس پر کام کا آغاز کیا اب ان کی محنت بارآور ثابت ہوکر پشتو زبان میں اس موضوع پر ایک وقیع اضافہ کردیا۔ مولانا امین الحق حقانی ژوب بلوچستان سے تعلق رکھتے ہیں، جامعہ حقانیہ کے قدیم فضلاء میں ان کا شمار ہوتا ہے، علم وتحقیق کا ذوق رکھتے ہیں۔ اس سے پہلے بھی ان کی کئی کتابیں منظر عام پر آکر اہل سے علم سے داد تحسین وصول کرچکے ہیں، جس میں دَ قرآن عجائب، الفتح المبین شرح مفید الطالبین، زاد الفقیر شرح نحومیر، فضائل ومسائل جمعه، تاریخ حرم کا تحقیقی جائزہ، قابل ذکر ہے۔

زیر تبصرہ کتاب تحفة اللبیب فی شمائل الحبیب پشتو زبان میں شمائل ترمذی کا ایک جامع اور سہل ترین شرح ہے، اس شرح کی خصوصیات میں ''ہر حدث کا عام فہم پشتو ترجمہ''، ''ہر حدیث کی دلنشین تشریح''، ''مقام کی مناسبت سے اشعار سے تفہیم''، ''مستند حوالہ جات سے ٹھوس دلائل کا ورود'' قابل ذکر ہے۔

اس کے علاوہ مصنف نے علوم ومعارف، حقائق ودقائق، احادیث مبارکہ کے اسرار رموز، جمال انور صلی اللہ علیہ وسلم کے مناظر اور ہمہ جہتی علوم وفنون کے موتیوں سے اس گلدستہ کو سجایا ہے، یہ گنج گرانمایہ

سے کم نہیں تمام اہل علم خصوصاً دورہ حدیث کے طلبہ کے لئے ایک انمول تحفہ اور قیمتی سوغات ہے۔

امید ہے کہ اہل علم اس کی قدر کر کے اس کے مطالعے سے اپنے آپ کو مستفید کروائیں گے، کتاب کی تدوین وترتیب کی ذمہ داری ان کی فرزند ارجمند مولانا ظاہر شاہ حقانی نے بخوبی نبھائی ہے، یہ کتاب ان کی حسن ذوق کا آئینہ دار ہے، اللہ تعالیٰ اس کاوش کو شرف قبولیت عطا فرمائیں۔

- **مقالات سیرت مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم ...... تالیف: ڈاکٹر حافظ سید خالد محمود ترمذی**

ضخامت: ۲۸۸ صفحات قیمت: ۵۰۰ ناشر: حسن قلم پبلیکیشنز لاہور...... 0300 4717801

سیرت طیبہ ایک ایسا موضوع ہے کہ ہر ایک کا جی چاہتا ہے کہ میں اس موضوع پر کچھ نہ کچھ لکھ سکوں، اس مبارک سلسلہ میں غالباً ہر قلم کار، ہر مصنف، ہر کالم نگار اور ہر لکھاری نے یہ کوشش کی ہے اور سیرت نبوی صلی اللہ علیہ وسلم پر کچھ نہ کچھ لکھا ضرور ہے۔ ڈاکٹر حافظ سید خالد محمود ترمذی صاحب بھی ان ہی قلم کاروں، اور مصنفین میں سے ہیں جو سیرت نبوی صلی اللہ علیہ وسلم پر لکھنے کی مہارت بھی رکھتے ہیں اور تجربہ بھی انہوں نے بھی اس موضوع پر خوب لکھنے کی کوشش کی ہے۔ زیر تبصرہ کتاب ''مقالات سیرت مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم'' موصوف کی تصنیف لطیف ہے، جس میں انہوں نے سیرت النبی صلی اللہ علیہ وسلم کے مختلف پہلوؤں پر دلنشیں انداز میں سیر حاصل بحث کیا ہے اور اپنے موضوع اچھی اور بہترین کاوش ہے۔

- **اسوہ حسنہ چند عملی پہلو .... تالیف: سید عزیز الرحمٰن**

ضخامت: ۴۳۲ صفحات قیمت: ۳۹۰ ناشر: زوار اکیڈمی پبلی کیشنز کراچی

اسوہ حسنہ پر عمل کرنا ہمیں کامیابی کی راہ پر گامزن کرنے کا اہم وسیلہ ہے، اس راہ پر عمل پیرا انسان یقیناً کامیاب وکامران و بامراد ہونگے اور اس راہ پر نہ چلنے والا انسان نافرمان، سرکش اور شفاعت نبوی صلی اللہ علیہ وسلم سے محروم ہونگے، یہ ہر مسلمان اور مومن کا عقیدہ ہے، اسوہ حسنہ کیا ہے؟ اسوہ حسنہ سے کیا مراد ہے؟ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا اسوہ کیا تھا؟ ان سب سوالات کے جوابات مولانا سید عزیز الرحمٰن صاحب کے زیر تبصرہ کتاب ''اسوہ حسنہ چند عملی پہلو'' میں ہم ملاحظہ کر سکتے ہیں، مؤلف موصوف سیرت کے موضوع کے حوالے سے نہ صرف پاکستان میں بلکہ برصغیر کے اس پورے خطے میں ایک جانی پہچانی شخصیت ہے۔ اس کاوش میں انہوں نے مختلف مقالات کو اکھٹا کر کے شائع کرنے کی سعادت حاصل کی ہے، اپنے موضوع پر بہترین تصنیف اور قیمتی سوغات ہے۔